سات (۷۰۷ ۷۷ ۴) ہے جو تقریباً ۱۷ ۱۹ مادوں (مصدروں) سے استخراج ہوئے ہیں۔ اس طرح ۹۴ فی صد قرآنی الفاظ اردو کے استعمال میں ہیں۔ ان اعداد و شمار سے اُردو زبان کے اُس طالب علم کو تحریک ملے گی جو عربی زبان نہ جاننے کی وجہ سے تنگ دامنی کے احساس تلے دبا ہوا تھا۔ یہ کتاب پروف خوانی کی غلطیوں سے مبرا' بک کارنر' مین بازار' جہلم کے زیرِ اہتمام خوبصورتی سے شائع ہوئی ہے۔ (تبصرہ نگار: سید قاسم محمود)

(۳)

نام کتاب : شمائل نبوی کا ایمان افروز مرقع

مؤلف : مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت: 153 صفحات قیمت: درج نہیں' ملنے کا پتہ: القاسم اکیڈمی' خالق آباد' ضلع نوشہرہ

شمائل ترمذی رسول اللہ ﷺ کے خصائل و شمائل پر امام ترمذی ؒ کی شہرۂ آفاق تصنیف ہے' جو دینی مدارس کی درسی کتاب ہے۔ اس کتاب کی بہت سی شروحات لکھی گئی ہیں۔ مولانا عبدالقیوم حقانی کی زیرِ تبصرہ کتاب شمائل نبوی کی دوسری جلد کے آخری چھ ابواب پر مشتمل ہے۔ ان ابواب کے عنوان اس طرح ہیں: (۱) رسول اللہ ﷺ کے اسمائے گرامی' (۲) گزر اوقات' (۳) عمر مبارک' (۴) وفات' (۵) میراث' (۶) خواب میں زیارت۔

ہر باب کی تشریح محققانہ انداز میں اس طرح کی گئی ہے کہ عنوان کی جزئیات تک واضح ہو گئی ہیں۔ اصل کتاب تو امام ترمذیؒ کی مایہ ناز اور مقبولِ عام تصنیف ہے۔ حقانی صاحب نے شمائل ترمذی کی شایانِ شان شرح لکھ کر تشریح کا حق ادا کر دیا ہے۔ اس میں علماء اور طلبہ دونوں کے لیے تسلی بخش راہنمائی کا سامان موجود ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے فضائل و شمائل پر مشتمل یہ کتاب ہر مسلمان خاندان میں موجود ہونی چاہیے۔ اس کا مطالعہ دلوں کو حُبِّ نبویؐ سے سرشار کرے گا۔

(۴)

نام کتاب : مسائلِ قربانی

مصنف : مولانا محمد عبدالمعبود

ضخامت: 230 صفحات قیمت: درج نہیں

ملنے کا پتہ: ☆ القاسم اکیڈمی' خالق آباد' ضلع نوشہرہ ☆ مکتبہ سید احمد شہید' اردو بازار' لاہور

قربانی ابوالانبیاء حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنت ہے۔ ہر سال پوری دنیا میں کروڑوں مسلمان ۱۰ ذوالحجہ کو اونٹ' گائے' بھیڑ' بکری کی قربانی پیش کرتے ہیں اور اس دن کو یوم النحر (قربانی کا دن) یا عیدالاضحیٰ کہتے ہیں۔

مصنف نے اس کتاب میں نہایت تفصیل کے ساتھ قربانی کے مسائل بیان کر دیے ہیں جن سے واقفیت حاصل کرنا ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے تاکہ قربانی کا عمل صحیح طریقے سے انجام پائے اور اجر و ثواب کا باعث بنے۔

فاضل مصنف نے قربانی کی تاریخی اور شرعی حیثیت کو بڑی جامعیت کے ساتھ بیان کیا ہے۔ نیز قربانی کے